SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**May 31, 2017**

سٹاک مارکیٹ میں بک بلڈنگ کے دوران ہیر پھیر، ایس ای سی پی نے فوج داری مقدمہ دائر کر دیا

اسلام آباد (۳۱ مئی) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے سٹاک مارکیٹ میں حصص کی بک بلڈنگ کے دوران قیمت کے ہیر پھیر میں ملوث گروہ کے خلاف کراچی کی سیشن کورٹ میں فوجداری مقدمہ دائر کر دیا ہے۔ ملوث افراد نے ۲۰۱۵ میں کراچی اسٹاک ایکس چینج میں ان لسٹ ہونے والے الشہیر کارپوریشن لمیٹڈ کے حصص کی بک بلڈنگ کے دوران اس کی قیمت میں ہیر پھیر کیا۔ حصص کی اس ہیر پھیر میں دو سگے بھائی، ان کے کزن نے ایک بروکریج ہاوس میسرز آدم سکیورٹیز لمیٹڈ کی مدد سے کارروائی کی جبکہ اس بروکریج ہاؤس کا چیف ایگزیکٹو، ہیر پھیر میں ملوث دو بھائیوں کا والد ہے۔

ایس ای سی پی کی تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ یہ گروہ بک بلڈنگ کے عمل کے دوران حصص کی قیمت میں ہیر پھیر میں ملوث رہا اور حصص کے اجرا کی اسٹرئیک پرائس پر اثر انداز ہوا۔ بک بلڈنگ کی بولی کے عمل کے آخری بارہ منٹ کے دوران اس گروپ کی بڈنگ کے طریقہ کار سے واضح ہوتا ہے کہ ان افراد کی کوشش تھی کہ حصص کی قیمت کو زیادہ سے زیادہ بڑھایا جائے۔ حصص کی بولی کے دوران ان افراد کی جانب سے لگائی گئی بولیاں شفافیت کے برعکس تھیں۔ اس گروہ کے افراد نے اپنی بولی کو اس انداز سے بڑھایا اور کم کیا جو کہ اس حصص کی اسٹرئیک پرائس کے دریافت کرنے کے عمل پر اثر انداز ہونے اور دیگر بولی دہندگان کو اس بک بلڈنگ کی جانب راغب کرنے کی ایک کوشش تھی۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ سکیورٹیز ایکٹ 2015 کی دفعہ 133 کے تحت حصص کی قیمت کا ہیر پھیر ایک مجرمانہ فعل ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے عدالت میں دائر کردہ اپنی نوعیت کا پہلا کیس ہے جس میں ایک مکمل گروہ کو جو کہ بک بلڈنگ کے عمل کے دوران ہیر پھیر کرنے میں ملوث پایا گیا جو کہ مارکیٹ میں تمام اقسام کی بے ضابطگیوں اور ہیر پھیر کے خلاف کارروائی رنے کے ایس ای سی پی کے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔